مقامی حکومت اور علاقائی انتظامیہ

کبھی کبھی آپ نے دیکھا ہوگا کہ ہمارے گاؤں میں ہینڈ پمپ یا سڑک کی ضرورت ہم پر کس سے ربط پیدا کرتے ہیں؟ ہم اس کے لیے صدر جمہوریہ، وزیر اعظم اور ریاست کے وزیر اعلیٰ کے پاس نہیں جائیں گے۔ بلکہ ان مسائل کا حل ریاستی حکومت ہی کرے گی۔ حکومت کے اعلیٰ درجوں کا علم حاصل کرنے سے پہلے ریاستی انتظامیہ کو سمجھنا ضروری ہو جاتا ہے۔ اس لیے آج ہم ریاستی حکومت اور علاقائی انتظامیہ کو سمجھنے کی کوشش کریں گے۔ ریاستی سطح کے انتظام کو مقامی انتظامیہ یا ریاستی حکومت کہتے ہیں۔ یہ مقامی مسائل کی جانچ کرنا جیسے پینے کے پانی، آبی نکاسی اور دیگر سماجی ترقی کے لیے کام کرتا ہے۔ ریاستی انتظامیہ کو فعال بنانے کے علاوہ انفرادی تعاون اور حصہ داری بے حد ضروری ہے۔ ریاستی حکومت دو قسم کی ہوتی ہے۔

1. گاؤں کی مقامی سرکار 2. شہری مقامی سرکار

گاؤں کی سطح پر پنچایت راج انتظامیہ ہے۔ وہیں بڑے شہروں میں شہری انتظامیہ اور چھوٹے شہروں میں میونسپلٹی کام کرتی ہے۔ ضلع کی سطح پر ضلع پریشد، بلاک کی سطح پر پنچایت سمیتی اور گاؤں کی سطح پر وگرام پنچایت ہوتی ہے۔ تینوں ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ اس لیے انہیں پنچایت راج انتظامیہ کا تین سطحی نظام کہتے ہیں۔ وہیں شہروں اور قصبوں میں بھی تین سطحی نظام ہوتا ہے۔

1. شہری بلدیہ 2. شہری کونسل 3. شہری انتظامیہ

سارے ملک میں شہری بلدیہ دہلی، ممبئی، کولکتہ، بنگالورو، چینائی، جۓ پور، ادۓ پور، کوداڑ، اجمیر وغیرہ بڑے شہروں میں قائم ہیں۔ چھوٹے شہروں کا انتظامیہ قصبوں یا چھوٹے شہروں میں ہوتا ہے۔ جو علاقہ نہ گاؤں کی طرح ہوتے ہیں اور نہ ہی شہر کے برابر ہوتے ہیں وہاں قصبائی پنچایت کی حکومت کا انتظام ہوتا ہے۔

زمانہ قدیم میں ہمارے یہاں سبھی جھگڑے پنچایت میں سلجھائے جاتے تھے۔ یہی گاؤں کی پنچایت کی ابتدائی شکل تھی، لیکن برٹش حکومت میں پنچایتی انتظامیہ کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی۔ آزاد ہندوستان میں 1952ء میں پہلی مرتبہ پہلا پانچ سالہ منصوبہ اور گروہی ترقی کے منصوبوں کے ساتھ غور کیا گیا۔ پنچایتی راج گاندھی جی کا خواب تھا۔ پنچایتی راج انتظامیہ کا سب سے نچلی سطح گرام سبھا ہے۔ جس میں اس پنچایتی علاقہ میں رہنے والے تمام بالغوں کو شامل کر کے (جنی کی عمر 18 سال ہو) گرام سبھا کا قیام عمل میں آتا ہے۔ گرام سبھا کی سال میں 2 مرتبہ اجلاس منعقد لازمی قرار دیا گیا ہے اور اس کا کام پنچایت کے سالانہ رپورٹ اور امتحانی رپورٹ میں اور سرکاری رپورٹ کو منظور کروانا ہوتا ہے اور نئے ترقیاتی کاموں کو منظوری دینا بھی ہے۔ گرام سبھا کے دیگر اراکین میں سرپنچ، نائب سرپنچ، وارڈ سرپنچ، صدر اور نائب صدر وغیرہ اس زمرہ میں آتے ہیں۔ گرام پنچایت کا انتخاب ہر پانچ سال کے بعد ہوتا ہے۔ اس میں درج فہرست قبائل اور ذات کو بھی تحفظ فراہم کیا گیا ہے اور خواتین کو بھی 50 فیصد تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔

1. جواب دیجیے۔

1. مقامی حکومت کس کو کہتے ہیں؟
2. مقامی حکومت کو موثر بنانے کے لیے کون سی بات ضروری ہوتی ہے؟

2. سلسلہ مکمل کیجیے۔

1.

2.


3. گرام سبھا کے ارکان


3. میونسپل کارپوریشن کے عملی انتظامات کیا کیے جاتے ہیں؟ (صرف 5)

4. شہری پنچایت کا نظم کہا کیا جاتا ہے؟